# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT, KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ex-1215 https://www.facebook.com/pakpgov

**Most Immediate**
**Assembly Business**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa Legis-I (R)/2026/ 1483**
**Date, Peshawar the 28 /01/2026/**

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Inter Provincial Coordination Department.

Subject: - **JOINT RESOLUTION No.230 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **26-01-2026** passed unanimously the following Resolution No.**230** moved by Mr. Akbar Ayub Khan, MPA and Mr. Aftab Alam, Minister for Law, Parliamentary Affairs and Human Rights, Khyber Pakhtunkhwa. The resolution is given below:-

ہر گاہ کہ 5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر بڑے پر عزم طور پر منایا جاتا ہے جس کا مقصد پاکستان کے عوام اور ریاست کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی اور غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرنا ہے اور چونکہ کشمیری عوام طویل عرصہ سے غیر قانونی بھارتی قبضے، ریاستی جبر اور انسانی حقوق کی سنگین و مسلسل خلاف ورزیوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرار دادیں کشمیری عوام کو ان کا مسلمہ حق خود ارادیت فراہم کرتی ہیں، کشمیر جنت نظیر کی سرزمین پر بھارت کی درندہ صفت فوجیں اتنی بڑی تعداد میں نہتے کشمیریوں کی نسل کشی پر مامور ہیں کہ اس کی کوئی مثال دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی۔

یہ ایوان حکومت پاکستان کے اصولی آئینی اور سفارتی مؤقف کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتا ہے، کشمیری شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہے اور اس عزم کا اظہار کرتا ہے کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت اس وقت تک جاری رکھے گا جب تک انہیں ان کا جائز اور مسلمہ حق حاصل نہیں ہو جاتا۔

لہٰذا یہ معزز ایوان مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی منصفانہ جدوجہد اور ان کے حق خود ارادیت کی مکمل تائید و حمایت کرتا ہے اور اس امر کا اعادہ کرتا ہے کہ مسئلہ کشمیر پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی جزو ہے اور کشمیری عوام کی جدوجہد میں پاکستان ان کے شانہ بشانہ کھڑا رہے گا اور بھارتی قابض افواج کی جانب سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی شدید مذمت کرتا ہے، نیز عالمی برادری بالخصوص اقوام متحدہ سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کے مطابق سلامتی کونسل کی قرار دادوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔

You are, therefore requested that action taken on the resolution may be intimated to this Secretariat within a period of ninety days from the date of its communication under sub-rule (2) of Rule 165 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025 for circulation amongst the Members of the Assembly.

Yours faithfully,

**(NAJEEB ULLAH)**
Assistant Secretary,
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa